NAWA-I-WAQT
نوائے وقت
اشاعت کے 66 سال

روحی رنگ



برطانیہ کی مسجد جس میں نوید بھٹی نے نقاشی کے جوہر دکھائے

"خط ماہی" کا ہر انداز فیشن کٹ پر ختم ہوتا ہے

صدارتی ایوارڈ یافتہ نوجوان کیلی گرافر نوید بھٹی سے گفتگو

☆.....سلیم ناز

گلاس ورک اور چمڑے پر فن خطاطی کا تجربہ بہت کامیاب رہا ہے۔ یورپ اور امریکہ میں اس فن کی بہت مانگ ہے۔ ان خیالات کا اظہار صدارتی اعزاز تمغہ امتیاز یافتہ نوجوان کیلی گرافر نوید بھٹی نے ایک ملاقات میں کیا۔ ان کا تعلق فنکار گھرانے سے ہے۔ نوید بھٹی کے والد ذوالفقار بھٹی فن خطاطی میں خاص مقام رکھتے ہیں۔ کیلی گرافر کی حیثیت سے نوید موجودہ فن خطاطی کے مسائل کو نئے انداز سے متعارف کرایا۔ انہیں "خط ماہی" کا موجد ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ خط ماہی کا ہر انداز فیشن کٹ پر ختم ہوتا ہے۔

نوید احمد بھٹی 1966ء کو ملتان میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے یہ ہنر اپنے والد محترم غلام فرید بھٹی سے سیکھا جو کہ روایتی خطاطی میں مستند حیثیت رکھتے ہیں۔ نوید احمد بھٹی نے پاکستان اور بیرونی ممالک میں فن خطاطی میں اپنے جدید اور ماڈرن انداز کی وجہ سے ایک منفرد حیثیت حاصل کی ہے۔ وہ اب تک پاکستان اور بیرون ممالک میں 76 انفرادی اور 36 مشترکہ نمائشوں میں شرکت کر چکے ہیں جن کو سابق اور موجودہ صدور، وزراء اعظم، فیڈرل منسٹرز، گورنرز، ایئر ایسوسی ایٹڈ آرمی چیف، کور کمانڈرز اور بہت سی دوسری فوجی و سول شخصیات ان کے انفرادی فن کو سراہا چکے ہیں۔ نوید احمد بھٹی کی کلاسیک فن خطاطی کا کام اب برطانیہ اور دوسرے ممالک میں پہنچ چکا ہے۔ جہاں ان کی محنت لگن اور شاندار کارکردگی کی وجہ سے کیلی گرافی کے ماسٹر پیسز بہت سے اسلامک ممالک میں لگ چکے ہیں۔ ان کے آرٹ کو ملکہ برطانیہ نے بھی سراہا ہے اور انہوں نے ایک خط کے ذریعے تعریف بھی کی ہے۔ ان کے کام کو پاکستان اور بیرون ممالک کے الیکٹرانک میڈیا نے اپنے اپنے چینلز پر انٹرویو نشر کئے اور ان کے کام کو سراہا۔ نوید بھٹی کے فن پاروں کو اس وقت پاکستان کی اہم

نوید بھٹی خطاطی کرتے ہوئے

شخصیات نے خطاطی میں منفرد اور عام پاکستانیوں اور بیرون ممالک میں ان کے منفرد انداز کو سراہا ہے۔ انہوں نے صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف کی طرف سے بھی تعریفی سرٹیفکیٹ اور راولپنڈی میں کیلی گرافی کے مقابلوں میں صدارتی ایوارڈ یافتہ نوجوان کیلی گرافر نوید بھٹی نے نقاشی کے جوہر دکھائے

نوید بھٹی [illegible]

نوید بھٹی [illegible]

آرٹ گیلری بنانے کا بھی اعزاز حاصل کیا ہے۔ اس آرٹ گیلری کو پاکستان کی نامور شخصیات جن میں ایئر چیف مارشل ایسوسی ایٹڈ منسٹرز سینئر آرمی و سول افسران نے وزٹ کیا اور ان کے فن کو سراہا۔

ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا میرے فن پاروں کی پاکستان اور بیرون ممالک میں 76 انفرادی نمائشیں منعقد ہو چکی ہیں جن میں 36 مشترکہ نمائشیں شامل ہیں۔

ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ پہلا مرتبہ مکہ مکرمہ برطانیہ جانے کا اتفاق ہوا وہاں میرے فن

[illegible]

[illegible]

[illegible]